سوال

(160) کیا مرد لال رنگ کا لباس پہن سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مرد لال رنگ کا لباس پہن سکتا ہے۔ یا دوسرا ایسا کلر جو عورتیں پہنتی ہیں، وہ رنگ پہن سکتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

مرد کے لئے ہر وہ لباس پہننا منع ہے جس سے عورتوں کے مشابہت ہوتی ہو۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے:

"لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ الْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ" صحیح البخاری 'کتاب اللباس' باب المتشبھون بالنساء والمتشبھات بالرجال

اللہ کے رسول ﷺ نے اُن مردوں پر لعنت کی ہے جو عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرتے ہیں اور اسی طرح آپ نے اُن عورتوں پر بھی لعنت کی ہے جو مردوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرتی ہیں۔

لہذا ایسے تمام لباسوں سے اجتناب کیا جائے جو عورتوں کے مشابہ ہوں۔ ہاں البتہ اگر وہ لباس عورتوں کے لباس کے مشابہ نہ ہو تو پھر اسے پہنا جا سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ